کیا آپ ان بچوں کا شور غل نہیں سن رہے ہیں؟ اور آپ انہیں شور مچانے دیتے ہیں؟

دعا و عبادت کا گھر کہلائے گا۔ لیکن تم ایسے ڈاکوؤں کے اڈے بناتے ہو اور اندھے اور لنگڑے مسجد میں ان کے پاس آئے اور اس نے انہیں شفا فرمایا۔ مگر اب سردار کاہنوں اور فقیہوں نے ان عجیب کاموں کو جو انہوں نے کئے اور لڑکوں کو مسجد میں حضرت داؤد کی اولاد کو ہوشانا پکارتے ہوئے دیکھا۔

تو خفا ہو کر ان سے کہنے لگے کیا آپ سنتے ہیں کہ یہ کیا کہتے ہیں؟ حضرت عیسیٰ نے ان سے فرمایا ہاں کیا تم نے یہ کبھی نہیں پڑھا کہ لڑکوں اور دودھ پیتے بچوں کے منہ سے تم نے تعریف و تمجید تو کامل کرائی۔ تب وہ انہیں چھوڑ کر شہر کے باہر بیت عنیا میں گئیا اور وہاں رات گزاریں۔

دراصل ہر ایک مثال ہی تھی حضرت عیسیٰ نے اپنے بدن ہی کے بارے میں فرمایا
خداوند تعالیٰ کی نئی مسجد ہے۔ ہلاک کیا جائیگا مارا جائیگا وہ مردوں میں سے پھر
تیسرے دن جی اٹھیں گے۔ جناب عیسیٰ مسیح کا دوبارہ زندہ ہونا تب شاگردوں
نے اس کو اس بات کو سمجھے۔

یوحنا ۱۱: ۴۷-۵۳ اس پر سردار کاہن فریسیوں نے صدر عدالت کے لوگوں کو جمع کر کے کہا ہم کرتے کیا ہیں؟ یہ شخص بہت معجزہ دکھاتے اگر ہم انہیں یوں ہی چھوڑ دیں تو سب کے سب ان پر ایمان لا جائیں گے اور رومیوں آ کر ہمارے جگہ اور قوموں دونوں پر قبضہ کر لیں گے۔ تب ان میں سے کائفا نام ایک شخص نے جو اس سال کا سردار کاہن تھا۔ ان سے کہا تم کچھ نہیں جانتے اور نہ یہ سوچتے ہو کہ تمہارے لئے یہ بہتر ہے کہ ہم امتوں کے لئے ایک آدمی مرے اور نہ یہ کہ ساری قوم ملت ہلاک ہو۔ یہ بات اس نے اپنی طرف نہ کہی لیکن اس سال کا سردار کاہن ہو کر غیب کی خبر کہی کہ جناب عیسیٰ المسیح اس قوم کے لئے شہید ہوں گے۔ اور نہ صرف اس قوم کے لئے بلکہ اس لئے بھی کہ اللہ تعالیٰ کے بھٹکے ہوئے بندوں کو ایک کر لیں دیں۔ تو اسی دن سے اسکے مار ڈالنے کی تیاری کرنے لگے۔ اسلئے جناب عیسیٰ المسیح اس وقت یہودیوں میں ظاہر ہو کر نہ پھرا۔ بلکہ وہاں سے جنگل کے نزدیک کے ملک میں افرائیم نام ایک شہر کو چلے گئے اور اپنے شاگردوں کے ساتھ وہیں رہنے لگے۔

جناب عیسیٰ ع کا مقصد پورا نہ ہو سکا۔ میں یہودہ نے اپنا مستقبل تو اسکی کامیابی پر منحصر تھا۔ میں نے تو امید کی تھی کہ وہ ایک مسیح کی طرح نجات کے انقلاب کا کام انجام دیں گے۔
اب کامیابی حاصل کرنے کے لئے صرف ایک ہی راستہ ہے۔
کہ ان کے دشمنوں کے پاس جا کر انہیں پکڑوانے کے لئے اس کی مدد کی جائے۔
میں یقین کرتا ہوں کہ بات صحیح ہو سکتی ہے ہمارے ملک کے لئے سیدنا عیسیٰ ع خطرہ بن سکتے ہیں۔
اب تو میں اپنا فیصلہ پکا کر لیا ہے
کچھ عرصہ کے بعد رات کے وقت
میں یہودہ ہوں۔
یہودہ تم نے وعدہ پورا کر کے اچھا کیا۔
میں نے اپنا فیصلہ پکا کر لیا ہے کہ جناب عیسیٰ ع کو آپ کے ہاتھوں سپرد کروں۔
اے یہودہ تم ہمارے ملک کے لئے ایک بہت بڑا کام کا انجام دے رہے ہو ہم تمہارے بہت شکر گزار ہیں
یہ ایک سودا ہے! چاندی کے تیس سکے۔ یہی مزدوری ہے۔ کیونکہ جناب عیسیٰ علیہ السلام کو ہمارے ہاتھ میں سونپ دینے کے لئے ہم تجھے یہ دینا چاہتے ہیں۔
یہ پیسے یہاں ہے۔ اب صحیح وقت کا انتظار کرو۔
خبردار رہنا: لوگوں کے سامنے نہیں کیونکہ جماعت ان کی حفاظت کر سکتی ہے اور تب اسے گرفتار کرنا محال ہو جائے گا۔
اچھا ہوگا رات کے وقت ہمارا وہی وقت ہے۔
اس وقت سردار کاہن اور قوم کے بزرگ کائفا نام سردار کاہن کے دیوان خانہ میں جمع ہوئے اور مشورہ کیا کہ جناب عیسیٰ مسیح کو فریب سے پکڑ کر شہید کردیں۔ مگر کہتے تھے کہ عید میں نہیں۔ ایسا نہ ہو کہ لوگوں میں تفرقہ پڑ جائے
اس وقت ان بارہ میں سے ایک نے جس کا نام یہوداہ اسکریوتی تھا سردار کاہنوں کے پاس جا کر کہا کہ اگر میں تمہارے حوالے اسے کردوں تو مجھے کیا دو گے؟ انہوں نے اسے تیس چاندی کے سکے دے دئے۔ اور وہ اس وقت سے اس کے پکڑوانے کا موقع ڈھونڈنے لگا۔


کچھ ہفتوں کے لئے جناب عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے شاگرد چھپ کر رہے۔ جب کہ سردار کاہن کے خادم لوگ اسکی تلاش کر رہے تھے۔
میرے دوستو ! آج عید فسح کا دن منایا جا رہا ہے۔ پطرس اور یوحنا تم دونوں جا کر ہمارے کھانا کے لئے فسح کا کھانا تیار کرو.....
ہاں میرے آقا لیکن کہاں ؟ کس کے ساتھ ؟
یروشلم میں میں نے ایک بہت بڑا کمرہ باحفاظت رکھتا ہے تمہیں جاکر اسے معلوم کرنا ہے۔
اہو ا جناب عیسیٰ المسیح اب مجھ پر بھروسہ نہیں رکھتے کیونکہ خزانچی ہونے کے ناتے عید فسح کا کھانا تیار کرنے کا حکم مجھے ہے۔
تب ... مجھے ان کے جمع ہونے کی جگہ کا پتہ چلتا تھا۔
تب حکمرانوں کو اطلاع دے سکتا تھا اور وہ اسے پکڑ سکتے تھے..
کچھ گھنٹوں کے بعد
پانی کے گھڑے لے جاتی ہوئیں عورتیں ! یہ کوئی خاص بات نہیں۔
لیکن وہاں میں ایک ابن آدم کو دیکھتا ہوں جو پانی کا گھڑا اٹھائے لے جا رہا ہے جو نا ممکن بات ہے۔ کیا وہ وہی ہو سکتے ہیں ؟
بلاشک یہ وہی ہیں آؤ۔ ہم چلکر ان کا پیچھا کریں۔

اور عید فطر کا دن آیا جن فسح کی قربانی کرنا تھا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے پطرس اور یوحنا کو یہ کہکر بھیجا کہ جا کر ہمارے کھانے کے لئے قربانی تیار کرو۔ انہوں نے ان سے کہا کہ آپ کہاں چاہتے ہیں کہ ہم تیار کریں؟ انہوں نے ان سے کہا کہ دیکھو شہر میں داخل ہوتے ہی ایک آدمی تمہیں پانی کا گھڑا لئے ہوئے ملیگا۔ جس گھر میں وہ جائے اس کے پیچھے چلے جانا۔ اور گھر کے مالک سے کہنا کہ استاد تم سے فرماتے ہیں وہ مہمان خانہ کہاں ہے جس میں میں اپنے شاگردوں کے ساتھ کھانا کھاؤں۔ وہ تمہیں ایک بالا خانہ آراستہ کیا ہوا دکھائیگا وہیں تیاری کرنا۔ انہوں نے جاکر جیسا انہوں نے کہا ویسا ہی پایا اور فسح تیار کیا جب وقت پورا ہوگیا تو وہ کھانا کھانے بیٹھا اور رسول اس کے ساتھ بیٹھے انہوں نے ان سے کہا کہ مجھے بڑی آرزو تھی کہ دکھ سہنے سے پہلے یہ فسح ۔



وہ دسترخوان تیار کرتے ہیں لیکن ان میں ایک بحث اٹھ کھڑی ہوتی ہے
یہ میری جگہ ہے چھوڑو جناب میرے آقا مسیح کے قریب بیٹھنے کا حق میرا ہے
کبھی نہیں میں یہاں بیٹھا ہوں اور میں یہاں بیٹھا رہوں گا کیا ہم سبھی ایک ہی جماعت کے نہیں ؟
ہاں یہ بات ٹھیک ہے کہ کسی طرح کی طرفداری نہیں کوئی خاص حکمران نہیں
میرے دوستو ! تھوڑی دیر ٹھہرو اس سے پہلے کہ تم اپنی جگہیں لو....
تمہیں معلوم ہے کہ غیر قوموں کے بادشاہ ان پر حکمرانی کرتے ہیں یہ طاقت اور تلوار سے اپنے لوگوں پر حکمرانی کرتے ہیں لیکن تم ان کے جیسے نہیں ہو....
اس کے بدلے تمہارا کیا کام ہے اور تمہیں کیا کرنا چاہیے ایک دوسرے کی عزت و خدمت کرنا ہے
اس کے بعد
دیکھو وہ کیا کر رہے ہیں...
میری سمجھ میں نہیں آتا ایسا لگتا ہے کہ کچھ صفائی کرنے کی تیاری کر رہے ہیں....


کیا فرمایا آپ نے ؟ لیکن کیا آپ میرے پاؤں
دھونے جا رہے ہیں ۔ ؟
میرے آقا! کیا میرے پیر دھوئیں گے نہیں آپ میرے پیر کبھی نہیں دھو سکتے
جو کام میں کر رہا ہوں تم اسکو ابھی نہیں سمجھتے لیکن بعد میں اسے سمجھو گے اگر میں تمہیں نہ دھوؤں تو میرے ساتھ کچھ بھی تعلقات نہیں
اگر یہ بات ہے تو پھر اپنی باتوں کو واپس لیتا ہوں۔ تب آپ میرے پیر ہی نہیں بلکہ ہاتھ اور سر بھی دھو دیجئے...
جو نہا چکا ہے اسے پیر کے سوا اور کچھ دھونے کی ضرورت نہیں اب تم کامل ہو...
گویا کہ سب کے سب نہیں ۔
استاذ مکرم جو کچھ کر رہے ہیں وہ تو بڑی شرمناک بات ہے یہ کام تو غلام کا ہے .
جناب سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کے وسیلہ سے کہے گئے الفاظ کا مطلب و مقصد اسکریہودہ اسکریوتی کے بارے میں تھا
جب آقا عیسیٰؑ انکے پیر دھو چکے انہوں نے کہا
میں نے جو کام تمہارے ساتھ کیا کیا تم ان کا مطلب سمجھتے ہو؟ تم مجھے استاذ اور آقا کہتے ہو اور تم صحیح کہتے ہو۔ کیونکہ میں وہی ہوں۔ اگر آقا و استاذ ہو کر میں خود تمہاری خدمت کر سکتا ہوں تو میں نے تمہارے لئے ایک تعلیم و مثال قائم کی اس لئے تم بھی
ایک دوسرے کے ساتھ ویسے ہی کرو.
سے پہلے یہ فسح تمہارے ساتھ کھاؤں۔ کیونکہ میں تم سے کہتا ہوں کہ جب تک وہ اللہ تعالیٰ کی بادشاہی میں پورا نہ ہو تب تک میں اسے کبھی نہ کھاؤں گا. ان میں یہ بحث و مباحثہ بھی ہوا کہ ہم میں سے کون بڑا سمجھا جاتا ہے ؟ اس نے ان سے کہا غیر قوموں کے بادشاہ ان
ان پر حکومت کرتے ہیں اور جو ان پر اختیار رکھتے ہیں وہ خدا تعالیٰ کی نعمت کہلاتے ہیں لیکن تم ایسا نہ ہونا، بلکہ جو تم میں بڑا ہے وہ چھوٹے کی مانند اور جو سردار ہے وہ خادم کی مانند بنے.
یوحنا ۱۳: ۲-۱۵ ۲۱-۳۰ اور جب شیطان شمعون کے بیٹے یہودہ اسکریوتی کے دل میں یہ بات ڈال چکا تھا کہ اسے پکڑوائے تو کھانے کے وقت حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے یہ جان کر کہ رب ذوالجلال نے سب کچھ میرے ہاتھ میں کر دیا ہے۔ اور میں اللہ تعالیٰ کی جانب سے آیا ہوں اور اللہ تعالیٰ ہی کی طرف جاتا ہوں، کھانے پر سے اٹھ کر اپنے کپڑے اتار دیئے اور رومال لیکر اپنی کمر میں باندھا۔ تب برتن میں پانی بھر کر شاگردوں کے پیر دھونے اور اس رومال سے جو کمر میں باندھا تھا پونچھنے لگے. جب شمعون پطرس کے پاس آئے، تب اس نے ان سے کہا اے میرے آقا کیا آپ میرے پیر دھوتے ہیں؟ جناب نے فرمایا اور جواب دیا کہ جو میں کرتا ہوں تم اب نہیں جان سکتے لیکن اس کے بعد سمجھو گے پطرس نے انکار کیا تو آقا نے کہا تو میرے ساتھ


عظیم خروج سے پہلے ان گھر والوں نے مصر میں
جس مصیبت و پریشانی کا سامنا کیا۔ اسے
یاد کرنے کے لئے کھانا شروع ہوا جناب
عیسیٰ مسیح علیہ السلام اور ان کے شاگردوں
نے کڑوا ساگ و پات
کھایا
آقا آپ نے کیا فرمایا؟ کیا یہ ممکن ہے
یہ تو خطرناک بات ہوگی۔
ہاں میرے کہنے کا مطلب یہی ہے کہ
تم میں سے ایک شخص جو میرے ساتھ میز پر کھاتا
ہم میں سے ایسا کون
کر سکتا ہے؟
آقا۔
میرے دوستو!
تمہیں بتانے کے لئے میرے
پاس ایک دکھ بھری بات ہے کہ
تم میں سے ایک شخص میری
بے وفائی کرنے جا رہا ہے۔
یا میں...
امید کرتا ہوں کیا
آپ کا مطلب تو مجھ سے
نہیں آقا؟
شمعون پطرس نے یوحنا کی جانب اشارہ کرتے ہوئے کہا،
استاد سے پوچھو وہ کس کے متعلق فرما رہے ہیں ہم کوشش کر کے
اسے روک سکتے ہیں۔
تو میرے ساتھ تمہارا کوئی بھی شریک کا حصہ نہیں۔ شمعون پطرس نے ان سے کہا اے میرے
آقا صرف میرے پیر ہی نہیں بلکہ ہاتھ اور سر دھو دیجئے۔ حضرت عیسیٰ مسیح نے اس سے فرمایا
کہ جو نہا چکے ہیں ان کو پیر کے سوا اور کچھ دھونے کی ضرورت نہیں بلکہ سارا پاک ہے
اور تم پاک ہو لیکن سب کے سب نہیں۔ چونکہ وہ اپنے گرفتار کروانے والے کو جانتے تھے اس
لئے انہوں نے فرمایا کہ تم سب پاک نہیں ہو۔ پس جب وہ ان کے پیر دھو چکے اور اپنے کپڑے
پہن کر پھر بیٹھ گئے تو ان سے کہا کیا تم جانتے ہو کہ میں نے تمہارے ساتھ کیا کیا؟ تم مجھے استاد
اور آقا کہتے ہو اور خوب کہتے ہو کیونکہ میں ہوں۔ پس جب مجھ آقا اور استاد نے
تمہارے پیر دھوئے تو تم پر بھی فرض ہے کہ ایک دوسرے کے پیر دھویا کرو کیونکہ میں نے تم کو ایک نمونہ دکھایا ہے

تم بھی ویسا ہی کیا کرو۔ یہ باتیں کہہ کر جناب عیسیٰ مسیح علیہ السلام اپنے دل میں گھبرایا اور یہ گواہی دی کہ میں تم سے سچ سچ کہتا ہوں کہ تم میں سے ایک شخص مجھے گرفتار کروائے گا شاگرد شبہ کر کے وہ کس کی نسبت فرماتے ہیں ایک دوسرے کو دیکھنے لگے

ان کے شاگردوں میں سے ایک شخص جسے جناب عیسیٰ مسیح علیہ السلام محبت فرماتے تھے پس شمعون پطرس نے اس سے اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ اے جناب آقا آپ کس کی نسبت فرماتے ہیں اُنہوں نے اسی طرح عیسیٰ کی چھاتی کا سہارا لیکر کہا کہ اے خدا تعالیٰ کے پیارے مسیح وہ کون ہے جناب آقا نے جواب میں فرمایا کہ جسے میں نوالہ ڈبو کر دے دوں گا وہی ہے پھر انہوں نے نوالہ ڈبو کر اور لیکر شمعون اسکریوتی کے بیٹے یہوداہ کو دے دیا۔ اور اس ٹکڑا کے بعد شیطان

شیطان اس میں سما گیا پس عیسیٰ مسیح نے اسے کہا کہ جو کچھ تم کرتے ہو جلدی کریں مگر جو کھانا کھانے بیٹھے تھے ان میں سے کسی کو معلوم نہ ہوا کہ اس نے یہ اس سے کس لئے کہا کیونکہ یہوداہ کے پاس تھیلی رہتی تھی اس لئے بعض نے سمجھا کہ عیسیٰ اس سے فرماتے ہیں کہ جو کچھ ہمیں عید کے لئے ضرورت ہے خرید لیں یا یہ کہ محتاجوں کو کچھ دے پس وہ نوالہ لیکر فوراً باہر چلا گیا اور رات کا وقت تھا۔

لیکن یہ کہتے ہیں۔۔۔

اور اسی طرح کھانے کے بعد پیالہ یہ کہہ کر دیا ہے کہ یہ پیالہ میرے اس خون میں نیا عہد ہے۔ جو تمہارے واسطے بہایا جاتا ہے۔

پھر انہوں نے روٹی لی اور شکر کرکے توڑی اور یہ کہہ کر ان کو دی کہ یہ میرا بدن ہے جو تمہارے واسطے دیا جاتا ہے۔ میری یادگاری کے لئے یہی کیا کرو۔

روٹی کھانے کے بعد سیدنا عیسیٰ المسیح اللہ تعالیٰ
کو یاد کرتے ہوئے شکریہ ادا کرتے ہیں

لیکن وہ آگے فرماتے ہیں۔

تب جناب عیسیٰ مسیح اور ان کے شاگردوں نے کھانا
ختم کیا اور فسح کی عید کے گیتوں کو گایا۔

اس کے بعد یروشلم سے چلا آیا

حضرت عیسیٰ اور ان کے شاگرد قدرون کی گھاٹی کے نیچے گئے۔



قدرون کی ندی کو پار کرنے کے بعد یہ زیتون پہاڑ پر چڑھنے لگے۔



وہ باغ جو گتسمنی کہلاتا ہے گئے۔

مرقس ۱۴ : ۲۶-۴۲ پھر گیت گا کر زیتون کے پہاڑ پر گئے اور جناب عیسیٰ المسیح نے ان سے کہا تم سب ٹھوکر کھاؤ گے کیونکہ لکھا ہے کہ میں چرواہے کو ماروں گا اور بھیڑیں پراگندہ ہو جائینگی مگر میں اپنے جی اٹھنے کے بعد تم سے پہلے گلیل کو جاؤں گا۔ پطرس نے ان سے کہا گو یا سب ٹھوکر کھائیں لیکن میں نہ کھاؤں گا۔ عیسیٰ المسیح نے ان سے کہا میں تجھ سے سچ کہتا ہوں کہ تو آج اسی رات مرغ کے دو بار بانگ دینے سے پہلے تین بار میرا انکار کرے گا۔ لیکن اس نے بہت زور دیکر کہا اگر آپ کے ساتھ مرنا بھی پڑے تو آپکا انکار ہرگز نہ کروں گا اسی طرح اور سب نے بھی کہا۔ پھر وہ ایک جگہ آئے جس جگہ کا نام گتسمنی تھا اور انہوں نے اپنے شاگردوں سے کہا یہاں بیٹھو رہو جب تک میں دعا کروں۔ پطرس اور یعقوب یوحنا کو۔

عیسیٰ مسیح تین شاگردوں کو اپنے ساتھ لے لیۓ۔



حضرت عیسیٰ علیہ السلام تسلی پانے کے لئے اپنے شاگردوں کے پاس
واپس تشریف لائے۔

اور یوحنا کو اپنے ساتھ لیکر نہایت حیران اور بے قرار ہونے لگا اور ان سے فرمایا میری
جان نہایت غمگین ہے یہاں تک کہ مرنے کی نوبت پہنچ گئی ہے۔ تم یہاں ٹھہرو اور جاگتے
رہو اور وہ تھوڑا آگے بڑھا اور زمین پر گر کر دعا کرنے لگا کہ اگر ہو سکے تو یہ گھڑی
مجھ پر سے ٹل جائے اور فرمایا اے پروردگار عالم اللہ تعالیٰ تجھ سے سب کچھ ہو سکتا ہے
اس پیالہ کو میرے پاس سے ہٹالے تو بھی جو میں چاہتا ہوں وہ نہیں بلکہ جو تو چاہتا ہے
وہی ہو پھر وہ آئے اور سوتے دیکھ کر انہیں پطرس سے فرمایا اے شمعون تو سوتا ہے؟
کیا تو ایک گھڑی بھی جاگ سکا؟ جاگو اور دعا کرو تاکہ آزمائش میں نہ پڑو۔ روح
تو مستعد ہے مگر جسم کمزور ہے وہ پھر چلے گئے اور وہی بات کہہ کر دعا کی اور پھر
آکر انہیں سوتے پایا کیونکہ ان کی آنکھیں نیند سے بھری تھیں اور وہ نہ جانتے تھے کہ
انہیں کیا جواب دیں۔ پھر تیسری بار آکر ان سے کہا اب سوتے رہو اور آرام کرو۔
بس وقت آپہنچا ہے دیکھو ابن آدم گنہگاروں کے ہاتھ میں حوالے کیا جاتا ہے۔

اسی کے بیچ میں باغ میں داخل کرنے کی تیاری پر

ہے اُٹھو چلیں! دیکھو میرا پکڑوانے والا نزدیک آ پہنچ گیا ہے۔ وہ یہ کہہ ہی رہے تھے کہ یہوداہ جو بارہ میں سے تھا، اپنے ساتھ سردار کاہنوں اور فقیہوں اور بزرگوں کی طرف سے ایک بھاری و بڑی جماعت تلواریں اور لاٹھیاں لئے ہوئے فوراً آ پہنچا اور ان کے پکڑوانے والے پر نشان دیا تھا کہ جس کا میں بوسہ لوں وہی ہے۔ اسے پکڑ کر حفاظت سے لے لینا۔ وہ آ کر فوراً ان کے پاس گیا اور کہا اے آقا! اور اسکے بوسے لئے۔ انہوں نے ان پر ہاتھ ڈال کر انہیں پکڑ لیا ان میں سے جو ان کے پاس تھے ایک نے تلوار کھینچ کر سردار کاہن کے نوکر پر چلائی اور اس کا کان اڑا دیا۔ جناب عیسٰی علیہ السلام نے کہا کیا تم تلواریں اور لاٹھیاں لیکر مجھے ڈاکوؤں کی طرح پکڑنے نکلے ہو؟ میں ہر روز ہیکل میں (مسجد) تعلیم دیا کرتا تھا اور تم نے مجھے نہیں پکڑا۔ لیکن یہ اسلئے ہوا ہے کہ نوشتے پورے ہوں۔ اس پر سب شاگرد انہیں چھوڑ کر بھاگ گئے۔ اور ایک جوان

پہلے عجوبہ کے بعد جناب مسیح کے شاگرد سنبھل گئے
وہ رات کے وقت ہمیں گرفتار کرنے کے لئے چپ چاپ آتا ہے میں تجھے سبق سناؤں گا
اس بات کو تم پوری طرح اپنی زندگی میں یاد رکھو
آہ!
اے پطرس اپنی تلوار میاں میں رکھو
کیونکہ جو تلوار چلاتے ہیں وہ تلوار سے ہلاک ہوں گے...
جناب عیسیٰ نے خود کو حوالہ کر دیا اور ان کے شاگرد اسے چھوڑ کر بھاگ گئے۔
کیا میں چور اور ڈاکوؤں کا سردار ہوں جو مجھے تلوار اور لاٹھیاں لیکر پکڑنے نکلے ہو...؟
میں ہر روز مسجد (ہیکل) میں نصیحت کرتا تھا تم نے مجھے وہاں نہ پکڑا تھا بلکہ یہ تمہارا وقت جب اندھیرا چھایا ہوا ہے
مگر ایک جوان اپنے ننگے بدن پر مہین چادر اوڑھے ہوئے اُن کے پیچھے ہو لیا اسے لوگوں نے پکڑا مگر وہ چادر چھوڑ کر ننگا بدن بھاگ گیا۔ پھر وہ جناب مسیح کو سردار کاہن کے پاس لے گیا اور سب سردار کاہن اور بزرگ اور فقیہہ ان کے ہاں جمع ہوگئے اور پطرس فاصلہ پر اس کے پیچھے پیچھے سردار کاہن کے دیوان خانہ کے اندر تک گیا اور پیادوں کے ساتھ بیٹھ کر آگ تاپنے لگا اور سردار کاہن اور سب صدر عدالت والے عیسیٰ مسیح کو مار ڈالنے کے لئے اس کے خلاف گواہی ڈھونڈنے لگے۔ مگر

نہ ملے۔ کیونکہ وہ بہتروں نے اس پر جھوٹی گواہیاں تو دیں لیکن
ان کی گواہیاں متفق نہ تھیں۔ پھر بعض اٹھکران پر یہ جھوٹی گواہی دی کہ
ہم نے انہیں یہ کہتے سنا ہے کہ میں اس مقدس کو جو ہاتھ سے بنا ہے گرا دوں گا اور تین دن
میں دوسرا بناؤں گا جو ہاتھ سے نہ بنا ہو۔ لیکن اس پر بھی ان کی۔


اس نئے آنے والے
پر میرا یقین نہیں
وہ بھی عیسیٰ مسیح
کے ساتھ تھا
؟
کیا یہ سچ ہے جو آپ کی
بات شک کی وجہ ہو سکتی ہے
آپ انکے شاگردوں میں سے ایک ہیں
میں تو یہاں سے ہو کر جا رہا
تھا آج رات زیادہ ٹھنڈ ہونے
کی وجہ سے آگ تاپنے آ گیا
تم کس کے بارے میں
بات کر رہے ہو۔ کیا عیسیٰ ناصری کے
بارے میں انہیں نہیں جانتے..
میری بات سنو!
میں تم سے کہہ رہا
ہوں.
کہ میں اس
انسان کو نہیں
جانتا
اسی بیچ سرکاری حاکم کے گھر میں.


عیسیٰ علیہ السلام کو سردار کاہن کے پاس لے جایا گیا جس نے یہودیوں کی عظیم مجلس بلائی ۔ سردار کاہن اور فریسیوں اور فقیہوں یعنی قوم کے بزرگوں کی بیٹھک
عیسیٰ مسیح کے حیرت انگیز کاموں کو دیکھ کر ہمارے عوامی شریعت کی ترتیب میں خلل ہو رہا ہے ان کے ہمارے ہیکل اور مذہب کے خلاف انقلابی بیانات کی وجہ سے میں انکو گرفتار کرلیا ہے
میں نے آپ لوگوں کو عیسیٰ ناصری کے معاملہ کی تفتیش کے لئے بلایا ہے کیونکہ ہمارے ملک کا سب سے اعلیٰ مقصد خطرے میں ہے۔
اور انہیں عدالت میں لایا ہوں تاکہ ہم اس کا مقدمہ و فیصلہ کرسکیں۔ گواہوں کو حاضر کیا جائیں۔
میں نے انہیں یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ تم اس ہیکل (مسجد) کو گرا دو اور تین دن میں پھر اسے کھڑا کر دونگا۔
نہیں انہیں یہ بات کہتے نہ سنا بلکہ یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ میں انسانوں کی بنائی ہوئی اس ہیکل کو گرا دوں گا اس جگہ ایک دوسری مسجد بناؤنگا جو آدمی کی بنائی ہوئی نہ ہو۔
یہ یقین اور اعتبار کے باہر ہے کہ وہ کچھ بولنے کی ہمت کرسکے اللہ تبارک و تعالیٰ کے جلال اور ہیکل (مسجد) کے خلاف ہو۔
میں گواہی لکھ رہا ہوں ایک دوسرے میں متفق نہیں۔ عیسیٰ مسیح کو بھی بات کا جواب نہیں دیتے۔ سب میں تفرق اور الجھن پیدا ہوگئے...
گواہی متفق نہ نکلی پھر بعض نے اٹھ کر ان پر یہ جھوٹی گواہی دی کہ ہم نے
اسے یہ کہتے سنا ہے کہ میں اس مقدس کو جو ہاتھ سے بنا ہے ڈھا دونگا اور تین دن میں
دوسرا بناؤنگا جو ہاتھ سے نہ بنا ہو۔ لیکن اس پر بھی ان کی گواہی متفق نہ نکلی۔
پھر سردار کاہن نے بیچ میں کھڑے ہو کر جناب عیسیٰ مسیح سے پوچھا کہ آپ کچھ جواب نہیں دیتے؟
یہ آپ کے خلاف کیا گواہی دیتے ہیں؟ مگر وہ پھر بھی خاموش رہے اور کچھ جواب نہ دیا۔ سردار کاہن نے
اس سے پھر سوال کیا اور کہا کیا آپ اس ستودہ کا بیٹا مسیح ہیں؟ عیسیٰ نے فرمایا کہ ہاں میں
ہوں اور تم ابن آدم کو قادر مطلق کی داہنی طرف بیٹھے اور آسمان کے بادلوں کے ساتھ آتے دیکھو گے۔ سردار کاہن نے اپنے کپڑے
پھاڑ کر کہا کہ اب ہمیں گواہوں کی کیا حاجت رہی؟ تم نے یہ کفر سنا۔ تمہاری کیا رائے ہے؟ ان سب نے فتویٰ دیا کہ وہ قتل کے لائق ہے
تب بعض اس پر تھوکنے اور اس کا منہ



سجدا ابھی کل کے بارے اس بحث و مباحث ہم بند کریں کیونکہ ملزم جواب نہیں دیتے
ہم آگے کی کارروائی کریں۔ اے عیسیٰ ہمیں صاف صاف بتادیں کیا آپ زندہ خداوند قدوس کے بیارے مسیح ہیں؟
ہاں میں ہوں تم ابن آدم کو قادر مطلق کے دہنی طرف بیٹھے اور آسمان کے بادلوں کے ساتھ آتے ہوئے دیکھو گے
اس نے اللہ تعالیٰ کی بے حرمتی کی ہے اب ہمیں گواہوں کی کیا حاجت؟ دیکھو تم سبھی نے اس کفر کو سنا ہے۔
وہ سزائے موت کے لائق ہیں۔
تم لوگ کیا سوچتے ہو؟
یہ عیسیٰ ابن آدم ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں جس کے بارے میں دانی ایل نبی نے ایک خواب میں بتایا۔ اس آدمی کو اللہ تعالیٰ کی موجودگی میں لے جایا گیا جسے سارے ملکوں پر طاقت و اختیار دیا گیا ہے۔
کیسے ایک شرمناک و کفر کا تکبر ہے۔
میں نے بیان لکھا ہے اس کفر کی بات کو سن کر سبھی سچائی و حق سے فیصلہ کرنے والے کو بڑی چوٹ لگی ہے اور سردار کاہن نے اپنے غصہ کو ظاہر کرنے کے اپنا کپڑا کو پھاڑ ڈالا
ڈھانپنے اور اس کے مکے مارنے اور اس سے کہنے لگے نبوت کی باتیں سنا اور پیادوں نے اسے طمانچے مار مار کر اپنے قبضے میں لیا جب پطرس نیچے صحن میں تھا تو سردار کاہن کی لونڈیوں میں سے ایک وہاں آئی اور پطرس کو آگ تاپتے دیکھ کر اس پر نظر کی اور کہنے لگی تو بھی اس ناصری عیسیٰ کے ساتھ تھا اس نے انکار کیا اور کہا کہ میں تو نہ جانتا ہوں اور نہ سمجھتا ہوں کہ تو کیا کہتی ہے پھر وہ باہر ڈیوڑھی میں گیا اور مرغ نے بانگ دی وہ لونڈی اسے دیکھ کر ان سے جو کھڑے تھے پھر کہنے

دیکھ کر ان سے جو پاس کھڑے تھے کہنے لگی کہ یہ ان میں سے ہے مگر اس نے پھر انکار کیا اور تھوڑی دیر کے بعد انہوں نے جو پاس کھڑے تھے پطرس سے پھر کہا بے شک تو ان میں سے ہے کیونکہ تو گلیلی بھی ہے مگر وہ لعنت کرنے اور قسم کھانے لگا کہ میں اس آدمی کو جس کا تم ذکر کرتے ہو نہیں جانتا اور فوراً مرغ نے دوسری بار بانگ دی پطرس کو وہ بات جو عیسیٰ المسیح نے اس سے کہی تھی یاد آئی کہ مرغ دو بارہ بانگ دینے سے پہلے تو تین بار میرا انکار کرے گا اور وہ اس پر غور کر کے رو پڑا۔


یہوداہ نے سنا کہ یہودیوں کا عظیم جلسہ نے
عیسیٰ المسیح علیہ السلام کو مجرم ٹھہرا دیا ہے
تو وہ پچھتایا اور جلدی ہی فقیہ
و فریسیوں کی مجلس کے پاس واپس
آیا کہ اسے کہ ان کے تیس چاندی کے
سکے واپس لوٹا دے
مجھے افسوس کہ میں نے
ایک معصوم کو قتل ہونے کے لئے
گرفتار کروایا...!
میں نے ایک معصوم
آدمی کے ساتھ
بے وفائی کی۔
مجھے تمھارا
پیسہ نہیں چاہیے
وہ تمہارا
معاملہ ہے ہمیں
کیا معلوم؟
دوسرے دن صبح کے دن کے
وقت جناب سیدنا عیسیٰ
المسیح کو پلاطس کے پاس
لے جایا۔
پھر نا امید ہو کر یہوداہ چلا جاتا ہے
اور خود کو پھانسی لگا لیتا ہے
جب ان کے گرفتار کروانے والا یہوداہ نے دیکھا کہ مجرم ٹھہرایا گیا تو
پچھتایا اور وہ تیس سکے سردار کاہن اور بزرگوں کے پاس واپس لا کر کہا
میں نے گناہ کیا کہ بے قصور کو قتل کے لئے پکڑوایا انہوں نے کہا ہمیں کیا تو جان
اور روپیوں کو مقدس میں پھینک کر چلا گیا اور جا کر اپنے آپ کو پھانسی دی۔



پھر وہ جناب عیسیٰ مسیح علیہ السلام کو کائفا کے پاس سے قلعہ کو لے گئے اور صبح کا وقت تھا اور وہ خود قلعہ میں نہ گیا تاکہ ناپاک نہ ہوں بلکہ فسح کھا سکیں۔ پس پیلاطس نے ان کے باہر آکر کہا تم اس آدمی پر کیا الزام لگاتے ہو؟ انہوں نے جواب میں اس سے کہا کہ اگر یہ بدکار نہ ہوتا تو ہم اسے تیرے حوالہ نہ کرتے۔ پیلاطس نے ان سے کہا کہ اسے جاکر تم ہی اپنی شریعت کے موافق اس کا فیصلہ کرو۔ یہودیوں نے اس سے کہا ہمیں روا نہیں کہ کسی کو جان سے ماریں۔ یہ اسلئے ہوا کہ جناب عیسیٰ کی موت وہ بات پوری ہو جو اس نے اپنی موت کے طریق کی طرف اشارہ کر کے کہی تھی۔ پس پیلاطس قلعہ میں پھر داخل ہوا اور عیسیٰ مسیح کو بلاکر کہا کیا آپ یہودیوں کا بادشاہ ہیں؟ عیسیٰ نے جواب میں فرمایا کہ تو یہ بات آپ ہی کہتا ہے یا اوروں نے میرے حق میں تجھ سے کہی۔ پیلاطس نے جواب دیا کیا میں یہودی ہوں؟ تیری ہی قوم اور سردار کاہنوں نے آپکو میرے حوالہ کیا تم نے کیا کیا ہے؟ عیسیٰ نے جواب دیا میری بادشاہی اس دنیا کی نہیں اگر میری بادشاہی دنیا کی ہوتی تو میرے خادم لڑتے تاکہ میں یہودیوں کے حوالہ نہ کیا جاتا مگر اب میری بادشاہی یہاں کی نہیں۔ پیلاطس نے اس سے کہا پس کیا تو بادشاہ ہے؟ عیسیٰ نے جواب دیا تو خود کہتا ہے کہ میں بادشاہ ہوں میں اسلئے پیدا ہوا اور اس واسطے دنیا میں آیا ہوں اور حق پر گواہی دوں۔



تو کیا آپ ایک بادشاہ ہیں؟
ہاں میں ایک بادشاہ ہوں
دراصل میں نے اسلئے پیدا ہوا اور اس لئے دنیا میں آیا ہوں کہ سچائی گواہی دوں جو کوئی حق پر ہے وہ میری آواز سنتا ہے۔
کیا کہا! حق حق کیا ہے؟
یہ بات صاف ظاہر ہے کہ یہ ایک خطرناک انقلابی کسی جدنگ فلسفی ... یا کسی مذہبی جوشیلے کے ساتھ برتاؤ سے پیش نہیں آتا ہوں لیکن کاہنِ عظیم کے خلاف ان یہودیوں کے ظلم و غصہ کی اور وجہ ہے ضرور کوئی پوشیدہ وجہ ہے۔ مجھے
ملزم کو پاسبان کمرہ میں لے جاؤ۔
وہ دیکھو یہاں آ رہے ہیں جو خود کو بادشاہ سمجھتے ہیں۔
کیا کہا بادشاہ
بادشاہ سلامت یہاں تشریف لائیں ہم لطف اٹھانا چاہتے ہیں۔

اسی دوران پلاطس کے ساتھ

کوئی حق پہ ہے وہ میری آواز سنتا ہے پلاطس ان سے کہا حق کیا ہے؟
یہ کہکر وہ یہودیوں کے پاس پھر باہر گیا اور ان سے کہا کہ میں اس کا کچھ جرم
نہیں پاتا مگر تمہارا دستور ہے کہ میں فسح پر تمہاری خاطر ایک آدمی چھوڑ دیا
کرتا ہوں۔ پس کیا تمکو منظور ہے کہ میں تمہارے خاطر یہودیوں کے بادشاہ کو چھوڑ دوں
انہوں نے چلا کر پھر کہا کہ اس کو نہیں لیکن براباّ کو۔ براباّ ایک ڈاکو تھا۔ اس پر پلاطس
نے عیسیٰ کو لیکر کوڑے لگوائے۔ اور سپاہیوں نے کانٹوں کا تاج بنا کر انکے سر پر رکھا
اور انہیں ارغوانی پوشاک پہنائی اور ان کے پاس آ کر کہنے لگے اے یہودیوں کے بادشاہ آداب
اور انکو طمانچے بھی مارے۔ پلاطس نے پھر باہر جا کر لوگوں سے کہا کہ دیکھو میں اسے تمہارے پاس لے آتا ہوں
تاکہ تم لوگ جانو کہ میں اس کا کچھ جرم نہیں پاتا۔ عیسیٰ مسیح کانٹوں کا تاج رکھے اور ارغوانی پوشاک
پہنے باہر آئے اور پلاطس نے ان سے کہا دیکھو یہ آدمی۔ جب سردار کاہن اور پیادوں نے اسے
دیکھا تو چلا کر کہا صلیب دے صلیب۔ پلاطس نے ان سے کہا کہ تم ہی اسے لے جاؤ اور صلیب
[illegible]

کل براباس کا دن (عید فسح) ہوگا جو یہودیوں کے لیے حد زیادہ پاک تہوار ملک کے ہر جگہوں میں منایا جاتا ہے
اور اب محض لوگوں سے بھر رہے ہیں جو آپ سے ملنا چاہتے ہیں....
اور یہ آپ سے امید رکھتے ہیں کہ ان کی تیسری ان کا ارادہ کے مطابق ایک قیدی کو چھوڑ دیا جائے
میں جانتا ہوں میرا پاس ایک راستہ ہے۔
ہم سبھی متفق ہیں کہ براآبا کو چھوڑ دیا جائے
آپ سبھی متفق ہیں کہ براآبا کو چھوڑ دیا جائے
ایک حقیقت کے خلاف اور جو روٹی لوگوں کا تخت پلٹنے دہشتگردی کی چال کھیلنے سے نہیں ڈرتے
ہم یہودی حب الوطنی کو براآبا جیسے آدمی کی ضرورت ہے
یروشلم کے باشندوں برائے مہربانی خاموش ہو جائیں، ہم جانتے ہیں کہ آپ اپنے عید فسح کو خوشی کے ساتھ اور خاموشی ترکیب سے منائیں اور مجھے یقین ہے کہ سبھی زیارتی مسافروں کا استقبال ہو


میں آپ لوگوں کو بتا دینا چاہتا ہوں کہ رومی فوجوں کو خبردار کر دیا گیا ہے۔ اور کسی بھی حالت کو روکنے کے لئے انطونیہ کے قلعہ سے یہ نگرانی رکھے ہیں
آخر میں عید فسح کے وقت کے رواج کے مطابق چھوڑ دوں گا...
جناب عیسیٰ اور برابا دونوں ہی تم کس کو چاہتے ہو جو مشہور ہے چھوڑ دیا جائے...
ہمیں برابا چاہئے۔
برابا عمر دراز ہو
برابا کو چھوڑ دیا جائے
کیا میں معظم نبی عیسیٰ ناصری کہنا سنتا ہوں کیا رومی لوگوں نے اسے گرفتار کیا ہے...؟
کب اور کس لئے۔
کیسے عجیب لوگ ہیں ایک بزرگ محترم اور بے قصور آدمی کے بدلے وہ ایک انقلابی کو ترجیح دیتے ہیں۔
صاف ظاہری طریقہ یہ لوگوں کو بچاؤ نہیں دو گے نہیں تو لوگ آکر عیسیٰ کی طرفداری میں جلوس نکالے۔
میں نے سوچا تھا کہ اگر میں ان فریسیوں کے ارادوں کو ناکام کرتا تو اچھا ہوتا
میں زیادہ تر یہودی باشندوں اور ہیر فریشیوں کو دیکھتا ہوں تو خود کی بات سے


چوکیدارو جناب عیسیٰ
اور براباؔ کو یہاں لاؤ
خاموش ہو جائیں میں دو قیدیوں
کو سامنے لاؤں گا تاکہ آپ انہیں دیکھ
کر ایک اچھا منتخب کر سکتے ہیں۔
اس آدمی کو دیکھو
نہیں عیسیٰ مسیح کو
نہیں مگر براآبا
برابا ہمیں براآبا
چاہیئے انہیں آزاد کرو
صلیب پر چڑھائیں عیسیٰ مسیح کو
صلیب پر چڑھائیں وہ مرنے کا مستحق
ہاں برابا کو
چھوڑ دیں آپ ملکوں کے
لئے ایک عظیم کام کریں گے
عیسیٰ مسیح ایک گمراہ کرنے والا ہے وہ
لوگوں کو فریب دیتا ہے۔ وہ سزائے موت پانے
کے لائق۔
براآبا
براآبا
ایک نبی جو بیماروں اور اندھوں کوڑھیوں مریضوں
کو مفلوج کو شفا بخشا۔ اور غریبوں مفلسوں مظلوموں
اور دکھی لوگوں کو امید دلاتا ہے؟
کیا تجھے شرم نہیں آتی کہ
عیسیٰ ناصری کو سزائے موت دیا جائے

اسے جواب دیا کہ ہم اہل شریعت ہیں اور شریعت کے موافق وہ قتل کے لائق ہیں کیونکہ اس نے اپنے آپ کو خداوند تعالیٰ کا بیٹا بنایا جب پلاطس نے یہ بات سنی تو اور بھی گھبرایا اور پھر قلعہ میں داخل ہو کر عیسیٰ سے کہا آپ کہاں کے ہیں مگر عیسیٰ مسیح نے اسے کچھ جواب نہ دیا۔ پس پلاطس نے اس سے کہا آپ مجھ سے بولتے کیوں نہیں کیا آپ نہیں جانتے آپکو مجھے چھوڑ دینے کا بھی اختیار ہے اور آپ کو مصلوب کرنے کا بھی اختیار ہے جناب عیسیٰ نے اسے جواب دیا کہ اگر تمہیں اوپر سے نہ دیا جاتا تو تمہیں مجھ پر کچھ اختیار نہ ہوتا اس سبب سے جس نے مجھے تمہارے حوالہ کیا اس کا گناہ زیادہ ہے اس پر پلاطس انہیں چھوڑ دینے میں کوشش کرنے لگا مگر یہودیوں نے چلا کر کہا اگر تم اس کو چھوڑ دیتے ہو تو قیصر کی خیریت نہیں۔ جو کوئی اپنے آپ کو بادشاہ بناتا ہے وہ قیصر کا مخالف ہے۔ پلاطس یہ باتیں سن کر جناب عیسیٰ مسیح کو باہر لایا اور اس جگہ جو چبوترہ اور عبرانی میں گبتا کہلاتا ہے اور تخت عدالت پر بیٹھا یہ عید فسح کی۔

تیاری کا دن تھا اور چھٹے گھنٹے قریب تھا پھر اس نے
یہودیوں سے کہا دیکھو یہ ہے تمہارا بادشاہ۔ پس وہ
چلائے کندھے جا انہیں صلیب دے پلاطس نے ان
سے کہا کیا میں تمہارا بادشاہ کو صلیب دوں سردار کاہنوں
نے جواب دیا کہ قیصر کے سوا ہمارا کوئی بادشاہ نہیں
اس پر اس نے اس کو ان کے حوالہ کیا تاکہ مصلوب کئے جائیں۔

فکر نہ کرو ہم اسے دیکھ لیں گے ۔
آج کے دن تین شخص کو سزائے موت دی جائے ۔
اور رسم رواج کے مطابق ہر ایک ملزم کو کوڑے
لگانا ضروری ہے ۔
اب عیسیٰ کو اپنے گلے میں لوحیں کے ساتھ جس پر سزا کا
اعلان ہے اپنے صلیب کا بار اٹھانا ہے ۔


اور مایوس جلوس چلنے لگتی ہے۔
جگہ دو ہمیں جانے دو۔
وہ آدمی کون ہے؟
وہ تو مشہور و معروف نبی عیسیٰ ناصری کے جیسے دکھائی دیتے ہے۔

یہاں ہم ایک شخص کو دیکھتے ہیں جس نے صرف بھلائی کی ہے اس نے بیماریوں کو شفا دی مظلوموں اور غریبوں کی حفاظت کی وہ سخت شرمناک بے انصافی
ان پر افسوس اپنی نفرت میں انہوں نے اسے رومیوں کے حوالے کر دیا۔
فریسی لوگ ان سے نفرت رکھتے تھے کیونکہ انہوں نے سچ اور ان کی منافقت کو ظاہر کر دیا
کوئی گر گیا ہے
وہ اپنی صلیب لے چلنے کے لئے بہت کمزور ہے کوڑے کھانے سے اس کا بہت سا خون نکل چکا ہے
اے تم سنو یہیں تمہیں حکم دیتا ہوں کہ اس سزا یافتہ کی صلیب کو گلگتاہ تک لے جاؤ، تمہیں یہ حکم دیا جاتا ہے۔ حکم پر عمل کرو....
کیا میں؟ لیکن میں یروشلم کا باشندہ نہیں۔ میں تو ایک کرین کا شریف آدمی ہوں۔
عقلمندی سے کام لو اور اعتراض نہ کرو نہیں تو تم مصیبت میں پھنس جاؤ گے رومی لوگ بڑے سخت دل ہوتے ہیں اور اس کے علاوہ یہاں سے گلگتاہ زیادہ دور نہیں
آپ کے لئے میں اسے اٹھاؤں گا آپ کھڑے ہو جائیں
ان کی مدد کرو وہ بے قصور ہے۔ وہ عظمت والے نبی عیسیٰ ناصری ہے۔

لوقا ۲۳ : ۲۵ - ۵۶ اور جو شخص بغاوت اور خون کرنے کے سبب سے قید میں پڑا تھا اور جسے انہوں نے مانگا تھا اسے چھوڑ دیا۔ مگر عیسیٰ کو ان کی مرضی کے موافق سپاہیوں کے حوالے کیا اور جب اس کو لئے جاتے تھے تو انہوں نے شمعون نام ایک کرینی کو جو دیہات سے آتا تھا پکڑ کر صلیب اس پر رکھ دی کہ عیسیٰ کے پیچھے پیچھے لے چلے اور لوگوں کی ایک بڑی جماعت اور بہت سی عورتیں جو اس کے واسطے روتی پیٹتی تھیں اس کے پیچھے پیچھے چلیں جناب عیسیٰ المسیح نے ان سب کی طرف پھر کر فرمایا۔ اے یروشلم کی بیٹیوں! میرے لئے مت روؤ! کیونکہ دیکھو وہ دن آتے ہیں جن میں کہیں گے مبارک ہیں بانجھیو! اور وہ پیٹ جو نہ جنے اور وہ چھاتیاں جنہوں نے دودھ نہ پلایا اور اس وقت پہاڑوں سے کہنا شروع کریں گے کہ ہم پر گر پڑو۔


جب وہ گلگتاہ پہنچے تو یہ بڑی بے رحمی
سے جناب عیسیٰ علیہ السلام کے
کپڑے اترنے لگے۔
ان کپڑوں کو وہاں جمع کردو جب
میں ہم انہیں بانٹ لیں گے

اور ٹیلوں سے کہ ہمیں چھپا لو کیونکہ جب ہرے درخت کے ساتھ ایسا کرتے ہیں تو سوکھے کے ساتھ کیا کچھ نہ کیا جائے گا؟ اور وہ دو اور آدمیوں کو بھی جو بدکار تھے لئے جاتے تھے کہ ان کے ساتھ قتل کئے جائیں۔ جب وہ اس جگہ پر پہنچے جسے کھوپڑی کہتے ہیں تو وہاں اسے مصلوب کیا اور بدکاروں کو بھی ایک کو دہنے اور دوسرے کو بائیں طرف جناب مسیح نے فرمایا کہ اے میرے اللہ رب العالمین انہیں معاف کر کیونکہ یہ جانتے نہیں کہ یہ کیا کرتے ہیں اور انہوں نے ان کے کپڑوں کے حصے کئے اور ان پر قرعہ ڈالا اور لوگ کھڑے دیکھ رہے تھے اور سردار کاہن بھی مذاق اڑاتے ہوئے کہتے تھے کہ وہ تو اوروں کو بچاتے تھے اگر یہ خدا کا مسیح اور برگزیدہ ہے تو اپنے آپ کو بچائے سپاہیوں نے بھی پاس آ کر اور سرکہ پیش کر کے ان پر ٹھٹھا مارا اور کہا کہ اگر آپ یہودیوں کے بادشاہ ہیں تو اپنے آپ کو بچا لیں۔



کیا مسیح نہیں آپ اپنے آپکو اور ہمیں بھی بچا لیجئے مگر دوسرے نے
ڈانٹتے ہوئے جواب دیا کہ کیا تو خداوند تعالیٰ سے ڈرتا نہیں حالانکہ
اسی سزا میں گرفتار ہے اور ہماری سزا تو واجب ہے کیونکہ اپنے کئے کا بدلا
مل رہا ہے لیکن اس نے کوئی بے جا کام نہیں کیا پھر کہنے لگا اے میرے آقا عیسیٰ جب
آپ اپنی بادشاہی میں جلوہ افروز ہونگے تو مجھے بھی یاد رکھنا انہوں نے اس
سے فرمایا کہ میں تجھ سے سچ کہتا ہوں کہ آج ہی تو میرے ساتھ جنت
الفردوس میں ہوگا پھر دوپہر کے قریب سے تیسرے پہر تک تمام ملک میں اندھیرا
چھایا رہا اور سورج کی روشنی جاتی رہی اور مقدس کا پردہ بیچ سے پھٹ گیا اور
پھر جناب عیسیٰ علیہ السلام نے بڑی آواز سے پکار کر فرمایا اے اللہ تعالیٰ میں اپنی روح تیرے دست
قدرت میں حوالہ کرتا ہوں اور یہ کہہ کر دم توڑ دیا۔

ہاتھوں میں سپرد کرتا ہوں۔ اور یہ کہکر دم توڑ دی یہ ماجرہ دیکھ کر صوبے دار خدا تعالیٰ کی حمد و ثنا کی بجالائے اور کہا بے شک یہ آدمی راستباز تھے اور جتنے لوگ اس نظارہ کو دیکھنے آئے تھے یہ ماجرہ دیکھ کر سینہ پیٹتے ہوئے واپس ہو گئے اور ان کے سب جان پہچان اور وہ عورتیں جو گلیل سے ان کے ساتھ آئیں تھیں دور کھڑی یہ باتیں دیکھ کر حیران ہو رہی تھیں۔ اور دیکھو یوسف نام کا ایک شخص مشیر تھا راستباز آدمی تھا اور ان کی صلاح و مشورے اور کاموں سے رضامند نہ تھا اور یہودیوں کے شہر ارمتیہ کا باشندہ اور خدا کی بادشاہی کا منتظر تھا اسلئے کہا پلاطس کے پاس جاکر عیسیٰ کی لاش مانگی اور اس کو اتار کر مہین چادر میں لپیٹا پھر ایک قبر کے اندر رکھ دیا جو چٹان میں کھودی ہوئی تھی اور اس میں کوئی کبھی رکھا نہ گیا تھا وہ تیاری کا دن تھا اور سبت کا دن شروع ہونے کو تھا اور ان عورتوں نے جو ان کے ساتھ گلیل سے آئی تھیں اور پیچھے پیچھے جاکر اس قبر کو دیکھا اور یہ بھی کہ ان کی لاش کس طرح رکھی گئی اور لوٹ کر خوشبودار چیزیں تیار کئے سبت کے دن انہوں حکم کے مطابق کیا۔

وہ تو پہلے ہی مر چکا ہے۔
چلو یقین کے لئے ہم ان کی پسلیوں میں بھالا بھونک کر دیکھتے ہیں تاکہ مسیح کیلئے پسند چلیں۔
ان کے دل سے خون کی دھاری بہنے لگی...
اسی درمیان
ارمتیہ کا یوسف میں تھک گیا ہوں...
نیکدمس جلدی کرو جلد ہی رات ہو جائیگی۔
ایک گنہگاروں کی طرح مسیح کی یہ موت ہوئی۔ لیکن میں بڑے یقین کے ساتھ کہتا ہوں کہ وہ حقیقت میں مسیح تھے
اور جناب عیسیٰ کی لاش کو لے لو اور اسے دفن کر دوں کیونکہ پیلاطس سے اجازت مل چکی ہے تاکہ میں اسے دفن کر دوں۔
میرے پاس ایک باغ ہے جسمیں ایک نئی قبر ہے جسے کبھی استعمال نہ کیا گیا ہو وہ یہاں سے زیادہ دور نہیں میں نے جناب عیسیٰ کی لاش کو وہاں دفن کا ارادہ کیا ہے۔
جونہی میں ان کی موت کی خبر سنی تو ہم نے مرد اور عورت کو ملا کر ایک غول بنالیا۔ یوسف کفن کا کپڑا اور پٹیاں لا رہا ہے
اس سے پہلے کہ تورہی کے ذریعہ سبت اور فسح کا اعلان کیا جائے ہم جلدی کریں ... اس کے بعد ہمیں اسے دفنانے نہیں دیا جائے گا۔

آخرکار میں قبر کے داخلی دروازہ پر ایک بھاری پتھر
ہٹا کر رکھ دیا گیا ہے۔

جب سبت کا دن گذر گیا تو مریم مگدلینی اور یعقوب کی ماں مریم اور سلومی نے خوشبودار چیزیں مول لیں تا کہ آ کر اس پر ملیں۔ وہ ہفتہ کے پہلے دن بہت سویرے جب سورج نکلا ہی نہ تھا قبر پر آئیں۔ اور آپس میں کہتی تھیں کہ ہمارے لئے پتھر کو قبر کے منہ پر سے کون لڑھکائیگا؟ جب انہوں نے نگاہ کی تو دیکھا کہ پتھر لڑھکا ہوا ہے کیونکہ وہ بہت ہی بڑا تھا اور قبر کے اندر جا کر انہوں نے ایک جوان کو سفید جامہ پہنے ہوئے دہنی طرف بیٹھے دیکھا اور نہایت حیران ہوئیں۔ اس نے ان سے کہا۔ ایسی حیران نہ ہو تم عیسیٰ ناصری کو جو مصلوب ہوا تھا ڈھونڈتی ہو وہ جی اٹھا ہے وہ یہاں نہیں ہے دیکھو یہ وہ جگہ ہے جہاں انہوں نے اسے رکھا تھا لیکن تم جا کر اس کے شاگردوں اور پطرس سے کہو کہ وہ تم سے پہلے گلیل کو جائیگا تم وہیں اسے دیکھوگے جیسا اس نے تم سے کہا اور وہ نکل کر قبر سے بھاگیں کیونکہ لرزش اور ہیبت ان پر غالب آ گئی تھی اور انہوں نے کسی سے کچھ نہ کہا کیونکہ وہ ڈرتی تھیں اور دوڑتی تھیں۔



یوحنا ۲۰: ۱-۱۸ ہفتے کے پہلے دن مریم مگدلینی ایسے تڑکے کہ ابھی اندھیرا ہی تھا کہ قبر پر آئیں اور پتھر کو قبر سے ہٹا ہوا دیکھا پس وہ شمعون پطرس اور اس دوسرے شاگرد کے پاس جسے عیسیٰ مسیح عزیز رکھتے تھے دوڑی ہوئی گئی اور ان سے کہا کہ آقا عیسیٰ مسیح کو قبر سے نکال لے گئے اور ہمیں معلوم نہیں کہ اسے کہاں رکھ دیا پس پطرس اور وہ دوسرے شاگرد نکل کر قبر کی طرف چلے اور دونوں ساتھ ساتھ دوڑے مگر وہ دوسرا شاگرد پطرس سے آگے بڑھ کر قبر پر پہلے پہنچا اس نے جھک کر دیکھا اور سوتی کپڑے پڑے ہوئے دیکھے مگر اندر نہ گیا شمعون پطرس اس کے پیچھے پیچھے پہنچا اور اس نے قبر کے اندر جا کر دیکھا کہ سوتی کپڑے پڑے ہیں اور وہ رومال جو ان کے سر سے باندھا ہوا تھا کپڑوں کے ساتھ نہیں بلکہ لپٹا ہوا الگ ایک جگہ پڑا ہے اس پر دوسرا شاگرد بھی جو پہلے قبر پر آیا تھا اندر گیا اور دیکھ کر یقین کیا کیونکہ وہ اب تک اس نوشتہ کو نہ جانتے تھے جس کے مطابق اس کا مردوں میں سے جی اٹھنا ضرور تھا۔

اور جب روتے روتے قبر کی طرف جھک کر نظر انداز کی تو دو فرشتوں کو سفید پوشاک پہنے ہوئے ایک کو سرہانے اور دوسرے کو پاؤں کی طرف بیٹھے دیکھے جہاں جناب عیسیٰ کی لاش پڑی تھی انہوں نے اس سے کہا اے عورت تو کیوں روتی ہے؟ اس نے اس سے کہا اس لئے کہ میرے آقا کو اٹھا لے گئے۔ اور معلوم نہیں کہ انہیں کہاں رکھا ہے۔ یہ کہہ کر وہ پیچھے پھری اور عیسیٰ کو زندہ کھڑے دیکھا اور نہ پہچانا کہ یہ عیسیٰ ہیں۔ عیسیٰ المسیح نے اسے کہا اے عورت تو کیوں روتی ہے کس کو ڈھونڈتی ہے اس نے باغباں سمجھ کر ان سے کہا میاں اگر آپ نے ان کو یہاں سے اٹھایا ہو تو مجھے بتا دیجئے کہ اسے کہاں رکھا ہے تاکہ میں انہیں لے جاؤں۔ عیسیٰ نے اس سے کہا مریم اس نے مڑ کر ان سے عبرانی زبان کہا ربونی یعنی اے آقا عیسیٰ نے اس سے کہا مجھے نہ چھو کیونکہ میں اب تک قادر مطلق رب العالمین کے پاس نہیں گیا۔ لیکن میرے بھائیوں کے پاس جا کر ان سے کہہ کہ میں اپنے اللہ تعالیٰ اور تمہارا خداوند قدوس کے پاس اوپر جاتا ہوں مریم مگدلینی نے فوراً آکر شاگردوں کو خبر دی کہ میں نے میرے آقا سیدنا عیسیٰ کو دیکھا اور باتیں بھی کیں۔

میرے آقا!
مجھے چھونے کا ارادہ نہ کر
کیونکہ میں جنت میں اپنے مالک و مولا اللہ تعالےٰ کے پاس واپس جاؤنگا۔ لیکن میرے شاگردوں کو بتا دیں۔
دوستو! میں نے آقا سیدنا عیسیٰ المسیح کو دیکھا ہے وہ زندہ ہے وہ جی اٹھے ہیں...
سمجھدار اور انصافی بنو۔ یہ ناممکن ہے
مریم حد سے زیادہ محسوس کرتی رہتی ہو اور وہ میں جا رہی ہو...
گمراہی ہے۔ یہ سب عورتیں ان کی مت گھڑت بات کرتی ہے۔

اسی دن شام کے وقت دو شاگرد یروشلم سے اماؤس کو جا رہے تھے۔
کیسی ناامیدی! ہم نے جناب عیسیٰ پر ایمان لایا اور سوچا کہ وہ نجات دینے والا ہوگا جس کا منتظر دنیا انتظار کر رہی ہے
لیکن اسکے بدلے انہیں سزائے موت دی گئی ایک گنہگار کے جیسے انہیں صلیب پر چڑھا دیا گیا۔۔
ہاں کلیپاس کتنی ناامیدی میں تمہارے جیسا ہی الجھن میں میں ہوں
دوستو تمہیں سلامتی ہو تم لوگ مایوسی دکھائی دیتے ہو۔
تم کیا بات چیت کر رہے ہو۔۔؟
اسکے بارے میں مجھے بتاؤ ہو سکتا ہے کہ میں تمہاری مدد کروں۔۔
کیا آپ جانتے ہو اس واقعہ کی باتیں جو ان دنوں میں یروشلم کو ہلا دیا، کیا جناب عیسیٰ ناصری کی باتیں
ہم نے امید کی تھی کہ یہ وہی شخص ہے جو اسرائیل کو نجات دے گا۔
ہاں کیونکہ وہ مسیح تھا چنانچہ ساری امیدی ختم ہوگئی آج یہ
تیسرا دن ہے جب یہ باتیں ہوئی وہ مرگیا!۔۔
چند عورتوں نے ہمیں تعجب میں ڈال دیا ہے۔ آج بڑی صبح سویرے کے وقت پر قبر پر گئی تھیں

اور دیکھو اسی دن ان میں سے دو آدمی اس گاؤں کی طرف جا رہے تھے جس کا نام تھا
اماؤس جو یروشلم سے تقریباً سات میل کے فاصلے پر ہے۔ اور وہ ان سب
باتوں کی بابت جو واقع ہوئی تھیں آپس میں بات چیت کرتے جاتے تھے۔ جب وہ بات
چیت اور پوچھ تاچھ کر رہے تھے تو ایسا ہوا کہ جناب عیسیٰ مسیح آپ نزدیک
آکر ان کے ساتھ ہو لیا۔ لیکن ان کی آنکھیں بند کی گئی تھیں کہ ان کو نہ پہچانے
اس نے ان سے کہا یہ کیا باتیں ہیں؟ جو تم چلتے چلتے آپس میں کرتے ہو۔ وہ غمگین
کھڑے ہو گئے۔ پھر ایک جس کا نام کلیپاس تھا جواب میں اس سے کہا کیا تو یروشلم
میں اکیلا مسافر ہے۔ جو نہیں جانتا کہ ان دنوں اس میں کیا کیا ہوا ہے۔ اس نے
ان سے کہا کیا ہوا ہے۔ انہوں نے اس سے کہا جناب عیسیٰ ناصری کا معجزہ جو خداوند تعالیٰ اور
سارے جہاں کے نزدیک کام اور کلام میں قدرت والے نبی تھے اور سردار
کاہنوں اور ہمارے حاکموں نے ان کو گرفتار کروایا تاکہ ان پر قتل کا حکم دیا جائے
اور انہیں مصلوب کیا لیکن ہم کو امید تھی کہ اسرائیل کو نجات یہی دیں گے اور
علاوہ ان سب باتوں کے اس ماجرے کو آج تیسرا دن ہو گیا۔ اور ہم میں سے چند
عورتوں نے بھی ہم کو تعجب میں ڈال دیا ہے جو صبح سویرے ہی قبر پر گئی تھیں۔
اور جب ان کی لاش نہ پائی تو یہ کہتی ہوئی آئیں کہ ہم نے رویا میں (خواب میں)
فرشتوں کو بھی دیکھا انہوں نے کہا وہ زندہ ہے اور بعض ہمارے ساتھیوں میں سے قبر پر
گئے اور جیسا عورتوں نے کہا تھا ویسا ہی پایا مگر ان کو نہ دیکھا۔ اس نے ان سے کہا اے
نادانو! اور نبیوں کی سب باتوں کے ماننے میں سست اعتقادو! کیا مسیح کو
یہ دکھ اٹھا کر اپنے جلال میں داخل ہونا ضروری نہ تھا۔ پھر موسیٰ سے اور سب نبیوں
ہوئی تھیں انکو سمجھا دیں۔ اتنے میں وہ اسی گاؤں کے نزدیک پہنچ گئے جہاں جاتا تھا اور اس کے ڈھنگ سے ایسا
سے شروع کر کے سب نوشتوں میں جتنی باتیں ان کے حق میں لکھی
معلوم ہوا کہ

جب وہ کھانا تناول فرمانے بیٹھے جناب عیسیٰ علیہ السلام نے روٹی لیکر اللہ تعالیٰ کا شکر گزاری کیا اور اسے توڑ کر انہیں دیا ۔

کہ وہ آگے بڑھنا چاہتا ہے انہوں نے اسے یہ کہکر مجبور کیا کہ ہمارے ساتھ رہیں کیونکہ شام ہونے جانے کے قریب ہے اور دن اب بہت ڈھل گیا پس وہ اندر گیا تاکہ ان کے ساتھ رہیں۔ جب انکے ساتھ کھانا کھانے بیٹھا تو ایسا ہوا کہ اسکے روٹی لیکر برکت دی اور توڑ کر ان کو دینے لگا اس پر ان کی آنکھیں کھل گئیں اور انہوں نے انکو پہچان لیا اور وہ ان کی نظر سے غائب ہوگئے۔ انہوں نے آپس میں کہا کہ جب وہ راہ میں ہم سے باتیں کرتے اور ہم پر نوشتوں کا بھید کھولتے تھے تو کیا ہمارے دل جوش سے نہ بھر گئے تھے پس وہ اسی گھڑی اٹھکر یروشلم کو لوٹ گئے اور ان گیارہ اور انکے ساتھیوں کو اکٹھا جمع پایا وہ کہہ رہے تھے کہ اللہ تعالیٰ کے پیارے مسیح بیشک جی اٹھے اور شمعون کو دکھائی دیئے اور انہوں نے راہ کا حال بیان اور یہ بھی کہ اسے روٹی توڑتے کس طرح پہچانا وہ یہ باتیں کہہ رہے تھے کہ جناب عیسیٰ مسیح انکے درمیان آ کھڑے ہوئے اور ان سے فرمایا کہ تم لوگوں پر سلامتی ہو۔ مگر انہوں نے گھبرا کر اور خوف کھا کر یہ سمجھا کہ کسی روح کو دیکھتے ہیں۔ انہوں نے ان سے کہا تم کیوں گھبراتے ہو۔

جب اسنے ہمیں پاک کلام وکتاب زبور بتانا سمجھایا میرا دل اندر ہی اندر جوش وخروش سے ہو رہا تھا۔
میرے اندر بھی ویسا ہی ہو رہا تھا پہلے تو میں نہیں لیکن اسنے سب باتیں بالکل ہی صاف صاف بیان کردی.
دوستو! سنو ایک عظیم خبر
پہلے ہماری سنو عیسیٰ المسیح زندہ ہے. وہ جی اٹھے ہیں. شمعون پطرس کو دکھائی دیا ہے
ہماری سنو جب انہوں نے روٹی توڑی تب انہیں ہم نے پہچان لیا .
اچانک جناب عیسیٰ مسیح ان کے درمیان آ کھڑے ہو جاتے ہیں .
دوستوں تمہیں آرام وسلامتی ملے
کیا تم اتنے کم اعتقاد والے ہو کیا روح کے گوشت اور ہڈیاں ہوتی ہیں؟ جیسے مجھ میں دیکھو....
یہ میں کیا دیکھ رہا ہوں کیا یہ جناب عیسیٰ المسیح ہیں یا میں ایک روح کو دیکھ رہا ہوں.
جناب سیدنا عیسیٰ المسیح زندہ ہیں کیسی خوشی کی بات ہے وہ حقیقت میں زندہ ہیں.
تم میں سے ابھی کچھ لوگ شک شبہ میں ہیں کیا تمہارے پاس کھانے کو ہے! یہاں بھنی ہوئی مچھلی کا
ایک ٹکڑا ہے.
پرانی شریعت و توریت عہدنامہ میں لکھا ہوا ہے کہ مسیح دکھ اٹھائیگا چنانچہ مارا بھی جائے لیکن یہ ابھی تیسرے دن مردوں میں سے جی اٹھے گا. تم سبھی اس بات کے گواہ ہو پوری دنیا میں جاکر خوشخبری سناؤ.
اور کس واسطے تمہارے دل میں شک پیدا ہوتا ہے میرے ہاتھ اور میرا پاؤں دیکھو کہ میں ہی ہوں مجھے چھوکر دیکھو کیونکہ روح کا گوشت اور ہڈیاں نہیں ہوتیں جیسا کہ مجھ میں دیکھتے ہو اور یہ کہکر انہوں نے انہیں اپنے ہاتھ اور پیر دکھائے. جب مارے خوشی کے ان کو یقین نہ آیا اور تعجب کرتے تھے تو اسنے ان سے کہا کیا یہاں تمہارے پاس کچھ کھانے کو ہے انہوں نے اسے بھنی ہوئی مچھلی کا قتلہ دیا انہوں نے لیکر اسکے روبرو رکھا یا پھر اسنے ان سے کہا کہ یہ وہ باتیں ہیں جو میں نے تمہیں اس وقت کہی تھیں جب تمہارے ساتھ تھا کہ ضروری ہے کہ جتنی باتیں موسیٰ کی توریت اور نبیوں کے صحیفوں اور زبور میں میری بابت لکھی ہوئی ہیں پوری ہوں پھر اسنے ان کا ذہن کھولا تاکہ کتاب مقدس کو سمجھیں اور ان سے کہا یوں لکھا ہے کہ مسیح دکھ اٹھائے گا. تیسرے دن مردوں میں سے جی اٹھے گا اور یروشلم سے شروع کر کے سب قوموں کو توبہ اور گناہوں کی معافی کی منادی اسکے نام سے کی جائے گی تم ان باتوں کے گواہ ہو۔

یوحنا ۲۰: ۱۹ - ۲۹

اچانک شاگرد لوگ جناب عیسیٰ
کو اپنے درمیان میں موجود کھڑا
دیکھتے ہیں۔
دوستو!
تمہیں سلامتی ہو
اے توما
میرے
پاس آؤ...
میرے ہاتھوں کو دیکھو
اور اپنی انگلی اس میں ڈالو
اور اپنا ہاتھ میرے
پسلی میں ڈالو...
شک کرنا
چھوڑ دو اور
یقین کرو!
اے میرے آقا عیسیٰ
المسیح آپکا یقین کرتا ہوں
اے میرے خداوند تعالیٰ کے
پیارے پر ایمان لاتا ہوں
اے توما تم نے تو
مجھے دیکھ کر ایمان
لایا ہے۔
مبارک وہ ہیں جنہوں
نے بغیر دیکھے ایمان
لائیں ہیں۔
بعد جب ان کے شاگرد پھر اندر تھے اور توما ان کے ساتھ تھا۔ اور دروازے
بند تھے جناب عیسیٰ نے آکر درمیان کھڑا ہو کر فرمایا تمہاری سلامتی ہو
پھر انہوں نے توما سے فرمایا اپنی انگلی پاس لاکر میرے ہاتھوں کو دیکھو اور
اپنا ہاتھ پاس لاکر میرے پسلی میں ڈالو اور بے اعتقاد نہ ہو بلکہ
اعتقاد رکھ توما نے جواب میں کہا اے میرے آقا اے میرے خدا کے پیارے
عیسیٰ نے اس سے کہا تو تم مجھے دیکھ کر ایمان لایا۔ مبارک وہ ہیں جو بغیر دیکھے
ایمان لائے۔

ان باتوں کے بعد جناب عیسیٰ نے اپنے آپکو تبریاس کے جھیل کے کنارے شاگردوں پر ظاہر کیا اور اسطرح ظاہر کیا۔ شمعون پطرس اور توما جو توام کہلاتا ہے اور نتن ایل جو قانائے گلیل کا تھا اور زبدی کے بیٹے اور اسکے شاگردوں میں سے دو اور شخص جمع تھے۔ شمعون پطرس نے ان سے کہا میں مچھلی کے شکار کو جاتا ہوں انہوں نے ان سے کہا کہ ہم بھی تیرے ساتھ چلتے ہیں وہ نکل کر کشتی پر سوار ہوئے مگر اس رات کچھ نہ پکڑا اور صبح ہوتے ہی عیسیٰ کنارے پر آ کھڑے ہوئے مگر شاگردوں نے نہ پہچانا کہ یہ عیسیٰ ہیں پس عیسیٰ نے ان سے کہا بچو! تمہارے پاس کھانے کو کچھ ہے انہوں نے جواب دیا کہ نہیں اس نے ان سے کہا کشتی کی دہنی طرف جال ڈالو تو پکڑو گے پس انہوں نے ڈالا اور مچھلیوں کی کثرت سے کھینچ نہ سکے۔ اسلئے اس شاگرد نے جس سے عیسیٰ محبت رکھتے تھے پطرس سے کہا کہ یہ آقا عیسیٰ مسیح ہیں پس شمعون پطرس نے

جال ڈالنے کے کچھ ہی دیر کے بعد جب یہ جال کھینچ رہے تھے۔

[illegible]

مچھلیوں کی کثرت سے جال نہ پھٹا۔ عیسیٰ نے ان سے کہا آؤ کھانا کھالو اور شاگردوں میں سے کسی کی جرات نہ ہوئی کہ ان سے پوچھتا کہ آپ کون ہیں کیونکہ وہ جانتے تھے کہ خداوند ہے عیسیٰ آئے اور روٹی لے کر انہیں دی اسی طرح مچھلی بھی دی عیسیٰ مردوں میں سے جی اٹھنے کے بعد یہ تیسری بار شاگردوں پر ظاہر ہوئے اور جب کھانا کھا چکے تو شمعون پطرس سے کہا کہ اے شمعون یوحنا کے بیٹے کیا تو ان سے زیادہ مجھ سے محبت کرتا ہے اس نے ان سے کہا ہاں خداوند آپ تو جانتے ہیں کہ میں آپکو عزیز رکھتا ہوں۔ ایسے تین مرتبہ پوچھا۔ اس سبب سے پطرس نے دلگیر ہو کر اس سے کہا اے آقا آپ تو سب کچھ جانتے ہیں کہ میں آپکو عزیز رکھتا ہوں عیسیٰ نے اس سے کہا کہ میری بھیڑیں چرا اور میرے پیچھے چلو مجھے سچ سچ کہنا ہے جب تو جوان تھا تو اپنے آپ ہی اپنی کمر باندھتا تھا اور جہاں چاہتا تھا پھرتا تھا مگر جب تو بوڑھا ہو گیا۔

تو اپنے ہاتھوں لمبے کریگا اور دوسرا شخص تیری کمر باندھا کرے گا۔ اور جہاں تو نہ جائیگا
وہاں تجھے لے جائے گا اسنے ان باتوں سے اشارہ کر دیا وہ کس طرح کی موت سے خدا تعالیٰ
کا جلال ظاہر کرے گا اور یہ کہہ کر اس سے کہا میرے پیچھے ہو لے پطرس نے مڑ کر اس
شاگرد کو پیچھے آتے دیکھا جس سے عیسیٰ محبت رکھتے تھے اور جس نے شام کے کھانے کے وقت
سینہ کا سہارا لیکر پوچھا تھا کہ اے آقا عیسیٰ آپ کے پکڑوانے والا کون ہے ؟ پطرس نے اسے
دیکھ کر عیسیٰ سے کہا کہ اے آقا عیسیٰ اس کا کیا حال ہوگا ؟ عیسیٰ نے اس سے کہا اگر میں چاہوں تو
یہ میرے آنے تک ٹھہرا رہے تو تجھ کو کیا ؟ تو میرے پیچھے ہو لے پس بھائیوں
میں یہ بات مشہور ہو گئی کہ وہ شاگرد نہیں مرے گا لیکن عیسیٰ نے یہ اس سے
نہیں کہا تھا کہ یہ نہیں مریگا بلکہ یہ کہا کہ اگر میں چاہوں کہ یہ میرے آنے تک ٹھہرا رہے
تو تجھ کو کیا یہ وہی شاگرد ہے جو ان باتوں کی گواہی دیتا ہے اور جس نے انکو لکھا
ہے اور ہم جانتے ہیں کہ اس کی گواہی سچی ہے۔
فرشتوں نے پہاڑ پر شاگردوں نے جنت جاتے دیکھا اور
وہ اسی طرح اسے جلدی واپس آئے گا۔
جلد واپس آئیگا...!

متی ۲۸ : ۱۶ - ۲۰
اور گیارہ شاگرد گلیل کے اس پہاڑ پر گئے جو جناب عیسیٰ علیہ السلام نے ان
کے لئے مقرر کیا تھا اور انہوں نے اسے دیکھ کر سجدہ کیا مگر بعض نے شک کیا
عیسیٰ نے پاس آ کر ان سے باتیں کیں اور کہا کہ آسمان اور زمین کا کل اختیار
مجھے دیا گیا۔ پس تم جا کر سب قوموں کو شاگرد بناؤ اور ان کو باپ اور
بیٹے مسیح اور روح القدس کے نام سے بپتسمہ دو اور انکو یہ تعلیم دو کہ ان
سب باتوں پر عمل کریں جن کا میں نے تم کو حکم دیا اور دیکھو میں دنیا کے آخر تک ہمیشہ تمہارے ساتھ رہونگا۔

اللہ تعالیٰ کے پیار کی تمثیلیں :

۱۔ کرنتھیوں ۳ : ۷-۸ ۔

محبت صابر ہے اور مہربان۔ محبت حسد نہیں کرتی۔ محبت شیخی نہیں مارتی اور پھولتی نہیں۔ ۵ نازیبا کام نہیں۔ اپنی بھلائی نہیں چاہتی۔ جھنجھلاتی نہیں بدگمانی نہیں کرتی۔ ۵ بدکاری سے خوش نہیں ہوتی بلکہ راستی سے خوش ہوتی ہے۔ سب کچھ سہہ لیتی ہے سب کچھ یقین کرتی ہے سب باتوں کی امید رکھتی ہے۔ سب باتوں کی برداشت کرتی ہے۔ محبت کو زوال نہیں ہوتیں ہوں تو موقوف ہوجائیں گی زبانیں ہوں تو جاتی رہینگی۔ علم ہو تو مٹ جائے گا۔

اللہ تعالیٰ کے پیارے مسیح عیسیٰ علیہ السلام کے وسیلہ سے یہ کامل محبت ہمیں دکھائی گئی ہے مسیح عیسیٰ علیہ السلام اللہ تعالیٰ کی تجلیٔ جلال کا عکس ہے اور اس کے وجود کا ہم شکل ہے۔ عیسیٰ علیہ السلام اللہ تعالیٰ کا اکلوتا چاہتا محبوب ہونے کے باوجود انسان کی اولاد بنا تاکہ ہم بھی انسان میں ہونے کے باوجود اللہ تعالیٰ کے پیارے محبوب بن سکیں۔ یہی ہے جو عیسیٰ مسیح جو کامل انسان گناہ سے پاک بالکل بے عیب اور مہربانی ہے۔ کامل و مکمل ہے۔ ع۱

یہ عیسیٰ مسیح جو کامل انسان تھے۔ اس نے میرے اور آپ کے لئے جان دیا وہ صلیب پر مارا گیا گاڑا گیا لیکن تیسرے دن مردوں میں سے جی اٹھے جو قیامت کے دن زندہ ہونا کہا جاتا ہے۔ وہ زندہ ہے ہمارے لئے اسکی دعوت اسی طرح سے ہے۔

متی ۱۱ : ۲۸-۲۹ اے مصیبت اٹھانے والو اور بوجھ سے دبے ہوئے لوگوں سب میرے پاس آؤ۔ میں تم کو آرام دونگا۔ میرا جوا اپنے اوپر اٹھالو اور مجھ سے سیکھو کیونکہ میں حلیم ہوں اور دل کے فروتن تو تمہاری جانیں آرام پائینگے۔

ع۱ حکیموں نے جتنے جسموں کو شفا دی ان سے کہیں زیادہ عیسیٰ علیہ السلام نے ٹوٹے دل کو شفا دیا اور آج بھی وہ ویسا ہی کر رہے ہیں۔

دعا یہ ہے۔ اے میرے نجات دینے والا عیسیٰ المسیح میں آپ پر ایمان رکھتا ہوں اور آپکی مدد سے آپ کے پیچھے چلوں گا اور آپ کے حکموں پر عمل کروں کیونکہ میں آپ ہی سے محبت رکھتا ہوں۔